**16.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........ضمیر رضوی

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی نوجوان، اسٹارٹ اَپس کے ذریعے حقیقی دنیا کے مسائل حل کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اسٹارٹ اپ مشن نے 10 سال میں بھارت کے اختراعی ایکو نظام کو بدل کر رکھ دیا ہے۔

☆ BJP شیوسینا اتحاد نے برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن کے انتخابات میں زبردست جیت حاصل کی ہے۔

☆ دلّی کی ایک عدالت نے لال قلعہ دھماکہ کیس معاملے میں پانچ ملزمین کو 13 فروری تک عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔

☆ حکومت نے سٹے بازی سے متعلق 242 غیرقانونی سائٹس کو بلاک کردیا ہے۔

☆ بھارت، ایران کی صورتحال پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔ حکومت نے بھارتی شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے سبھی اقدامات کرنے کا یقین دلایا ہے۔

☆ WPL کرکٹ میں نوی ممبئی میں گجرات جائنٹس اور رائل چیلنجر بنگلورو کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Startup Event**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اسٹارٹ اپ انڈیا پروگرام، صرف ایک اسکیم نہیں بلکہ ایک وسیع اور جامع نظریہ ہے، جو مختلف شعبوں کو نئے مواقع کے ساتھ جوڑتا ہے۔ آج نئی دلّی میں اسٹارٹ اپ انڈیا کے قومی دن کے موقع پر اسٹارٹ اپ انڈیا کی ایک دہائی مکمل ہونے کی مناسبت سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ صرف 10 برس میں اسٹارٹ اپ انڈیا مشن، ایک انقلاب بن چکا ہے، جس نے پورے ملک میں ایک نئے کلچر کو فروغ دیا ہے۔

**S/B: PM Modi on Startup India**

وزیر اعظم نے کہا کہ کاروبار کیلئے جرآت بے حد ضروری ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کی خطرات مول لینے کی صلاحیت کی ستائش کی۔

انہوں نے کہا کہ خطرہ مول لینے کو پہلے حوصلہ شکنی کا باعث سمجھا جاتا تھا لیکن آج اسے ملک میں عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

**S/B: Modi on Risk taking**

وزیر اعظم نے اسٹارٹ اپ ایکو نظام میں خواتین کے رول کی بھی ستائش کی اور کہا کہ بھارت میں تسلیم شدہ 45فیصد سے زیادہ اسٹارٹ اپس میں کم سے کم ایک خاتون ڈائریکٹر یا پارٹنر موجود ہے۔

**S/B: Modi on Women Startup**

اِس موقع پر وزیر اعظم نے نمائش والے علاقے کا بھی دورہ کیا اور نمائش کاروں سے بات چیت کی۔

تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی میں وزیر اعظم کی قیادت میں اسٹارٹ اپ ایکوسسٹم میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔

وزیر اعظم مودی نے 16جنوری 2016 کو اسٹارٹ اپ انڈیا پروگرام کا آغاز، ایک انقلابی قومی پروگرام کے طور پر کیا تھا، جس کا مقصد اختراع کی حوصلہ افزائی، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینا اور سرمایہ کاری پر مبنی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ اِس اقدام کا بنیادی مقصد بھارت کو نوکری تلاش کرنے والے ملک کے بجائے نوکریاں پیدا کرنے والا ملک بنانا ہے۔ x

## BJP BMC

بی جے پی نے شہری مقامی بلدیاتی اداروں کے انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے پر مہاراشٹر کے عوام کا شکریہ ادا کیا ہے۔ نئی دلّی میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان ڈاکٹر سدھانشو ترویدی نے کہا کہ عوام نے دیکھ لیا ہے کہ BJP اور اتحادی پارٹیوں پر مشتمل مہایوتی اتحاد نے BMC انتخابات میں زبردست کامیابی حاصل کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں BJP اور NDA کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کا واضح ثبوت ہے۔ ڈاکٹر ترویدی نے مزید کہا کہ BJP نے کیرالہ کے تریوننت پورم میونسپل کارپوریشن میں پہلی مرتبہ اکثریت حاصل کی ہے اور آج BMC انتخابات میں بھی تاریخی اور غیرمعمولی جیت درج کی ہے۔

**S/B Sudhanshu Trivedi**

## Shah BMC

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مہاراشٹر میونسپل کارپوریشن انتخابات میں BJP اور شیو سینا اتحاد کی جیت، وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں NDA حکومت کی ترقیاتی پالیسیوں پر عوام کے مضبوط اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب شاہ نے اِس جیت کو مہاراشٹر میں مہایوتی حکومت کی کارکردگی پر عوام کا اعتماد قرار دیا۔ x

## Court Red Fort Blast Case

دلّی کی ایک عدالت نے لال قلعہ دھماکہ معاملے کے پانچ ملزمین کو اگلے مہینے کی 13تاریخ تک عدالتی

تحویل میں بھیج دیا ہے۔ ان ملزمین میں تین ڈاکٹرس اور ایک مبلغ شامل ہے۔ عدالت نے ڈاکٹر عدیل راتھر، ڈاکٹر شاہین سعید، ڈاکٹر مزمل غنی، مولوی عرفان احمد واگے اور جاسر بلال کی عدالتی تحویل کی قومی تحقیقاتی ایجنسی کی عرضداشت منظور کرلی۔ ان ملزمین کو 10نومبر کے دہشت گردانہ حملوں کی مبینہ طور پر معاونت کرنے کے معاملے میں گرفتار کیا گیا تھا۔ اس حملے میں 15لوگوں کی موت ہوگئی تھی۔ عدالت نے یاسر احمد ڈار اور نصیر بلال Malla کی عدالتی تحویل میں بھی توسیع کردی ہے۔ اس معاملے میں اب تک 9ملزمین کو گرفتار کیا گیا ہے۔x

## Govt Gambling Web

حکومت نے سٹے بازی اور جُوئے سے متعلق 242غیرقانونی سائٹس کو بلاک کردیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ آن لائن گیمنگ قانون کے منظور ہونے کے بعد سے قانون کے موثر نفاذ میں اضافے کے تحت اب تک سٹے بازی اور جُوئے سے متعلق کُل 7ہزار 800غیر قانونی ویب سائٹس کو بلاک کیا گیا ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ آج کی گئی کارروائی، صارفین خصوصاً نوجوانوں کو بچانے کے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ اس کے علاوہ آن لائن سٹے بازی اور جُوئے کے غیرقانونی پلیٹ فارمز سے ہونے والے سماجی اور معاشی نقصان سے بچانے کی کوشش بھی ہے۔x

## CVC Appointment

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سینٹرل وِجیلنس کمیشن میں وِجیلنس کمشنر کے طور پر پروین وششٹ کا تقرر کیا ہے۔ عملے، عوامی شکایات اور پنشن کی وزارت نے اطلاع دی ہے کہ جناب وششٹ نے سینٹرل وِجیلنس کمشنر کے سامنے عہدے کا حلف لیا۔ وزارت نے مزید بتایا کہ جناب وششٹ، قانون کے نفاذ، تحقیقات اور داخلی سلامتی کے شعبے میں تین دہائیوں سے زیادہ کا تجربہ رکھتے ہیں۔ جناب وششٹ بہار Cadre کے 1991بیچ کے IPS افسر رہ چکے ہیں۔ اپنے سینٹرل ڈیپوٹیشن کے دوران جناب وششٹ نے جوائنٹ سکریٹری، ایڈیشنل سکریٹری اور داخلی سلامتی سے متعلق اسپیشل سکریٹری سمیت کئی اہم عہدوں پر خدمات انجام دیں۔x

## Vaishnaw NJP

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج نیو جلپائی گڑی ریلوے اسٹیشن پر جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ اِس ریلوے اسٹیشن کی امرت بھارت اسٹیشن اسکیم کے تحت تزئین نو کی جارہی ہے اور اِسے سبھی جدید سہولتوں سے آراستہ عالمی درجے کا ریلوے اسٹیشن بنایا جارہا ہے۔ مرکزی حکومت، نیوجلپائی گڑی ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری کے پروجیکٹ کی 500 کروڑ روپئے کے بجٹ کے ساتھ مکمل طور پر مالی معاونت کر رہی ہے۔ یہ ریلوے اسٹیشن، نیپال، بھوٹان اور بنگلہ دیش میں داخل ہونے کے اعتبار سے اہمیت کا حامل ہے۔ یہ پروجیکٹ 60ہزار مسافروں کے یومیہ بندوبست کی موجودہ صلاحیت کو دو گنا کرتے ہوئے ایک لاکھ 20ہزار کردے گا۔

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ کل مغربی بنگال میں وزیر اعظم نریندر مودی 12سے زیادہ نئی

ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ممکنہ IT ہب اسٹیشن کے طور پر نیو جلپائی گڑی سے کئی نئی ٹرینیں شروع ہوں گی۔

**S/B 2045 Ashwini Vaishnaw**

جناب ویشنو آج نئی دلّی سے باگ ڈوگرہ ہوائی اڈّہ پہنچے اور وہاں سے نیو جلپائی گڑی کیلئے روانہ ہوئے، جہاں سے انھوں نے وزیر اعظم کے ذریعے ہونے والے وندے بھارت سلیپر اور دیگر ٹرینوں کے افتتاحی پروگرام میں شرکت کیلئے ٹرین کے ذریعے مالدہ کا سفر کیا۔x

## Jamshedpur MSM Defenc Conclave

دفاع کے مرکزی وزیر مملکت سنجے سیٹھ نے آج جھارکھنڈ کے سرائے کیلا–کھرساواں ضلع میں آدتیہ پور آٹو کلکسٹر میں MSME ڈیفنس کانکلیو -2026 کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آدتیہ پور صنعتی علاقہ، ایک صنعتی راجدھانی کے طور پر ابھرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اِس کا مقصد جمشیدپور کو آٹو موبائلز کے ساتھ ساتھ دفاعی آلات کی تیاری کا مرکز بنانا ہے۔ جناب سیٹھ نے کہا کہ بھارت، اِس وقت 92 سے زیادہ ملکوں کو دفاعی ساز و سامان برآمد کر رہا ہے اور دفاعی بجٹ میں اضافہ، مقامی صنعتوں کیلئے وسیع مواقع پیدا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے پیمانے کی صنعتیں دفاعی ساز و سامان کی پیداوار اور برآمدات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہیں۔ x

## Fertilizers 2024-25

مرکزی حکومت نے سال 2024-25 کے دوران کسانوں کی بروقت زرعی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ریکارڈ سطح پر کھاد کی دستیابی کی یقین دہانی کرائی ہے۔ کیمکل اور کھاد کی وزارت نے آج کہا ہے کہ ایک اندازے کے مطابق 152 کروڑ سے زیادہ کھاد کے تھیلے کی قومی سطح پر ضرورت ہے اور سرکار نے قومی سطح کی اس ضروریات سے نمٹنے کیلئے تقریباً 177 کروڑ کھاد کے تھیلے دستیاب ہونے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ وزارت کا کہنا ہے کہ یہ اضافی دستیابی ریلوے اتھارٹی، بندرگاہوں کی اتھارٹی، ریاستی حکومت اور کھاد کی کمپنیوں کے ساتھ قریبی تعاون کے ذریعے ممکن بنائی گئی ہے۔x

## Vibrant Gujarat Regional Sumit

کچھ–سوراشٹر درخشاں گجرات علاقائی سمٹ نے پانچ اعشاریہ سات–آٹھ لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کو راغب کیا۔ کابینہ میٹنگ کے بعد آج نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے ریاستی کابینہ کے سینئر وزیر Jitubhai Vaghani نے کہا کہ سمٹ کے دوران مجموعی طور پر 5ہزار 492مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے۔ اِن پروجیکٹوں سے ریاست بھر میں 6لاکھ 26ہزار سے زیادہ نئے روزگار کے مواقع فراہم ہونے کی توقع ہے۔ x

## MEA Iran

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت، ایران کے موجودہ حالات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ نئی دلّی میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت، ایران میں مقیم اپنے شہریوں کے مفاد کی خاطر ہر ضروری قدم اٹھانے کیلئے پُرعزم ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس وقت ایران میں تقریباً 9ہزار بھارتی شہری موجود ہیں، جن میں اکثریت طلبا کی ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ حالیہ دنوں میں ایران کے موجودہ حالات کے تناظر میں وزارت خارجہ نے متعدد ایڈوائزری جاری کی ہے، جن میں بھارتی شہریوں کو ایران کا سفر نہ کرنے اور وہاں موجود افراد کو وطن واپس آنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔x

## India Germany JDI

بھارت اور جرمنی نے ٹیلی مواصلات تعاون کے ارادے کے ایک مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کیے ہیں۔ ٹیلی مواصلات کی وزارت نے اطلاع دی ہے کہ دونوں طرفین نے مسلسل معلومات کے تبادلہ اور بہترین تجربات، ابھرتی اور مستقبل کی ٹیکنالوجیز میں تعاون، پالیسیوں کو مضبوط بنانے، منوفیکچرنگ اور ٹیلی کوم اور آئی سی ٹی شعبوں میں تجارت کو آسان بنانے کے ذریعے تعاون کو وسعت دینے سے اتفاق کیا ہے۔ اعلامیہ پر جرمن چانسلر Fredrich Merz's کے بھارت دورے کے دوران دستخط کیے گئے ہیں۔x

## Jaishankar Japan EAM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور جاپان کے درمیان خصوصی اسٹریٹیجک اور عالمی شراکت داری تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے یہ بات آج نئی دلّی میں جاپان کے اپنے ہم منصب Toshimitsu Motegi کے ساتھ 18ویں بھارت–جاپان اسٹریٹیجک مذاکرات کی مشترکہ صدارت کرنے کے بعد کہی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اور جاپان میں عالمی نظام کی تشکیل اور بین الاقوامی معیشت کو خطرات سے محفوظ بنانے کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔

S/B Jaishanker

ڈاکٹر جے شنکر نے اجاگر کیا کہ بھارت کی مہاساگر پہل اور بھارت–بحرالکاہل خطے کیلئے اُس کا نظریہ جاپان کے آزاد اور کھلے ہوئے بھارت–بحرالکاہل نظریے سے پوری طرح ہم آہنگ ہے۔x

## Cricket WPL

خواتین کے وومینس پریمیر لیگ کرکٹ میں گجرات جائنٹس اور رائل چیلنجرس بنگلورو کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔ یہ میچ نوی ممبئی کی ڈاکٹر ڈی وائی پاٹل اسپورٹس اکیڈمی میں کھیلا جارہا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے رائل چیلنجرس بینگلورو نے گجرات جائنٹس کو جیت کیلئے 183رن کا نشانہ دیا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆